کا ایک مقدمہ ہے جس میں نہال صاحب کے کچھ حالات بیان کرنے کے بعد ان کے کلام پر تبصرہ کیا گیا ہے ہمیں امید ہے کہ اردو شاعری کا سنجیدہ اور پاکیزہ ذوق رکھنے والے حضرات اس "مجموعۂ گل و مل" کی قدر کریں گے۔

اسلام اور غیر مسلم | از جناب محمد حفیظ اللہ صاحب تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت متوسط قیمت ۸ ر پتہ:۔ مسلم اکاڈمی پھلواری شریف (پٹنہ)

اس رسالہ میں پہلے مذہبی احکام کی رو سے یہ بتایا گیا ہے کہ اسلام مسلمانوں کو غیر مسلموں کے ساتھ کس قسم کی رواداری برتنے کا حکم دیتا ہے۔ اس کے بعد بیرون ہند اور خود ہندوستان کی مسلمان حکومتوں کی تاریخ سے بعض چیدہ چیدہ واقعات کا ذکر کر کے غیر مسلموں کے ساتھ مسلمانوں کے روادارانہ برتاؤ پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ مزید برآں غیر مسلم مورخین کی شہادت سے اس دعوی کو اور محکم کیا گیا ہے۔ اس رسالہ کا مطالعہ مفید ضرور ہے لیکن اگر حوالے بقید کتاب و باب ہوتے تو اس کی افادیت دو چند ہو جاتی۔

جواہر ریزے

صراطِ مستقیم۔ تصوف کی اجمالی تاریخ، وجود اور شہود، صوفیا کے اقسام اور دیگر مسائل و حقائقِ تصوف پر سیر حاصل بحث۔ جھوٹے صوفیوں کی خوب قلعی کھولی ہے۔ قیمت عہ

علمِ بیان "حق و باطل" کی تمیز کے لئے بہترین کتاب ہے۔ نورِ ربانی کے حقائق و معارف اور تصوف کے دوسرے مسائل بہت آسان پیرایے میں پیش کئے گئے ہیں قیمت عا ر

تجوید۔ قرآن کریم کو ترتیل سے پڑھنا بہت ضروری ہے۔ اس چھوٹے سے رسالے میں قرأت کے جملہ قواعد وضاحت سے بتائے گئے ہیں قیمت ۳ ر

بلاغ الحق۔ عقائد، عبادات اور معاملات کی توضیح اور تفہیم کے لئے اس سے بہتر آج تک کوئی کتاب اردو زبان میں نہیں لکھی گئی۔ تمام بیانات کی تائید قرآن مجید سے کی گئی ہے قیمت عہ

نغمات۔ ایک سچے صوفی کا عشقِ حقیقی سے بھرا ہوا کلام۔ ہر شعر وارداتِ عشق و محبت کی ایک روح پرور داستان ہے۔ ادبی لحاظ سے بھی یہ مجموعہ قابلِ قدر ہے۔ قیمت ۱۲ ر

بزمِ ادب۔ نظموں اور قطعوں کا مجموعہ۔ ہر نظم انوارِ حقیقت و معرفت کا پیکرِ مجسم ہے قطعات کا ایک ایک لفظ جواہرات میں تولنے کے قابل ہے۔ قیمت ۱۲ ر

رباعیاتِ قدسی قیمت ۱۲ ر۔ کلامِ قدسی قیمت صہ۔ حالاتِ قدسی قیمت ۶ ر

بک ڈپو انجمن ترقی اردو۔ اردو بازار جامع مسجد دہلی